پراسپیکٹس

2026-27

ایف اے، ایف ایس سی، آئی سی ایس،
جنرل سائنس، آئی کام











گورنمنٹ
اسلامیہ گریجویٹ کالج
برائے خواتین
کوپر روڈ لاہور

https://www.gigcwcooperroad.edu.pk +42-99200776, +42-99200773




شعبۂ اردو






ICT CENTRE
ESTABLISHED & MAINTAINED BY
TAREEN EDUCATION FOUNDATION

تعارف



گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ کا قیام ۱۹۳۹ء میں انٹر میڈیٹ کی سطح پر کیا گیا۔ اس کالج نے اس وقت میں نوجوان لڑکیوں کے لئے نسل، ذات اور مذہب کی تفریق سے بالاتر ہو کر اعلیٰ تعلیم کے راستے کھول دیے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ کالج ہذا کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ بابائے قوم قائدِ اعظم محمد علی جناح اپنی ہمشیرہ فاطمہ جناح کے ساتھ ۲۶ مارچ ۱۹۴۴ کو یہاں بنفس نفیس تشریف لائے تھے۔ کالج ہذا کی طالبات نے تحریک پاکستان میں بھی متحرک کردار ادا کیا اور پاکستان کی آزادی کے لئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ نے ہمیشہ اپنی طالبات کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے لئے بہترین مواقع فراہم کئے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی ہے۔ طالبات کی بڑھتی ہوئی تعلیمی ضروریات کے پیش نظر کالج ہذا میں وقت کے ساتھ ساتھ مختلف عمارات اور بلاکس کا اضافہ کیا گیا۔ فی الوقت کالج میں ایڈمن بلاک، اردو بلاک، بی ایس بلاک، لائبریری بلاک، زوالوجی بلاک، بیسمنٹ بلاک اور شجاع الدین ہال موجود ہیں۔ جدید ترین کیمسٹری لیب، مائکرو بائیولوجی لیب، زوالوجی لیب اور مکمل ائر کنڈیشنڈ ماڈرن کمپیوٹر لیب بھی کالج کا حصہ ہیں۔ دورِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ڈیجیٹل لائبریری اور ریسرچ سنٹر تکمیل کے مراحل میں ہیں۔

کالج ہذا میں، ایف ایس سی (پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ)، آئی۔ سی۔ ایس (فزکس)، جنرل سائنس، آئی کام، ایف اے اور ہوم اکنامکس جبکہ سیلف سپورٹ میں ایف ایس سی (پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ) آئی۔ سی۔ ایس (فزکس) اور آئی کام کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ کالج ہذا انٹر میڈیٹ پروگرام کے لیے بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور کے ساتھ الحاق شدہ ہے۔ نیز ۱۶ مضامین میں بی۔ ایس چار سالہ ڈگری پروگرام کی تعلیم بھی دی جا رہی ہے جس میں اپلائیڈ سائیکالوجی، بی کام، بی بی اے، کیمسٹری، کمپیوٹر سائنس، اکنامکس، بی ایڈ سیکنڈری، انگریزی ادب، اسلامیات، سیاسیات، سوشل ورک، اُردو ادب، زوالوجی TESOL اور میس کمیونیکیشن لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور کے ساتھ الحاق شدہ ہے جب کہ مائکروبیالوجی اور میس کمیونیکیشن گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور کے ساتھ الحاق شدہ ہے۔

کالج ہذا ۲۰۱۰ میں پنجاب بھر میں BS4YDP شروع کروانے والے ۲۶ کالجوں میں شامل تھا۔ آج اس کالج میں ۱۸ بی۔ ایس پروگرامز کامیابی سے چلائے جا رہے ہیں۔ گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ پنجاب کے سب سے بڑے تعلیمی اداروں میں سے ایک ہے جس کی طالبات کی کل تعداد تقریباً ۴۵۰۰ ہے۔ اسکے قیام سے لے کر آج تک اس کے اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ اس کے شاندار ماضی کے امین ہونے کے ساتھ ساتھ اسکے اعلیٰ مقاصد یعنی اطاعت، وفاداری اور پیشہ ورانہ عزم و لگن کے ذریعے خدمت بجالانا، کی تکمیل کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ اس وقت کالج میں ۱۹ پی ایچ ڈی، ۱۷ پی ایچ دی سکالرز، ۱۸۷ ایم فل، ۱۹۳ ایم فل سکالرز اور ۱۵۳ ایم اے/ایم ایس سی اساتذہ کام کر رہے ہیں۔ ۲۰۱۴ میں کالج کو ہائر ایجوکیشن کمیشن کی درجہ بندی میں W کیٹیگری میں شامل کیا گیا۔ اِمسال ۲۰۲۶ میں گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ نے ہائیر ایجوکیشن کے متعین کردہ KPI (Key Performance Indicators) میں لاہور ڈویژن کے ۱۱۰ کالجز میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

کالج سے فارغ التحصیل ہونے والی طالبات کی کثیر تعداد ڈاکٹر، انجینئر، وکیل، انتظامی افسران، بزنس ویمن اور سوفٹ ویئر انجینئرز کی حیثیت سے معاشرے میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ چند قابل ذکر نام درج ذیل ہیں:



بیگم فاطمہ صغریٰ

فاطمہ صغریٰ المعروف صغریٰ بیگم ایک پاکستانی کارکن اور گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ کی سابقہ طالبہ ہیں۔ فروری ۱۹۴۷ میں انھوں نے لاہور سول سیکریٹریٹ کی عمارت سے برطانوی یونین جیک اتیر کر مسلم لیگ کا جھنڈا لہرا دیا۔ اُن کا یہ عمل آزادی کی تحریک کا بڑا استعارہ بن کر ابھرا جس کے صلے میں انھیں ۱۹۸۷ میں گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔



شائستہ انجم

مس شائستہ انجم نے بی۔ایس انگلش لٹریچر کی ڈگری گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ سے مکمل کی اور سی ایس ایس پاس کرنے کے بعد محکمہ ڈاک میں اپنے فرائض ادا کر رہی ہیں۔



ڈاکٹر عائشہ عقیل

ڈاکٹر عائشہ عقیل گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ سے فارغ التحصیل ہیں اور فی الوقت Technical University of Munich, Germany میں شعبہ Experimental Physics of Functional Spin systems کی چیئرپرسن ہیں۔

حافظہ قاریہ روبینہ



حافظہ قاریہ روبینہ جو کہ ایک عالمی شہرت یافتہ قاریہ ہیں، گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ میں ستمبر ۲۰۱۰ سے لے کر ۲۰۱۷ میں اپنی وفات تک عربی کی پروفیسر کے طور پر اپنے فرائض انجام دیتی رہیں۔ انھیں ۴۰۰ سے زیادہ ملکی اور غیر ملکی اعزازات سے نوازا گیا۔ یہ وہ واحد خاتون قاریہ ہیں جنھیں حکومتِ پاکستان نے تمغہ حسنِ کارکردگی عطا کیا۔ مشہور قاری عبدالباسط نے آپ کو چھوٹا باسط کا لقب دیا۔

فروہ نیلم



۱۹۹۱-۱۹۹۴ سیشن کی بہترین مقررہ اور شاعرہ رہیں۔ PTV کے پروگرام نیلام گھر میں ۱۰۰ سے زیادہ انعامات اور بیت بازی کے مقابلے جیتے۔ خانہ فرہنگِ ایران میں مضمون نویسی کا مقابلہ جیتا اور اپنی مادرِ علمی گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ سے ہی آنریری لیکچرار کے طور پر اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا۔ بعد ازاں وہ کمیونٹی کالج، امریکن کالج، اسلامیہ کالج ابو ظہبی کالج اور شیخ خلیفہ بن زیاد عرب پاکستان سکول ابو ظہبی (پاکستان سفارت خانہ) میں بطور لیکچرر اور پرنسپل خدمات انجام دیتی رہی ہیں۔



سلوی سہیل

بی ایس انگلش سمیسٹر ششم میں زیرِ تعلیم سلوی سہیل بلاشبہ کالج کے لئے باعث فخر ہیں۔ وائلن پر خوبصورتی سے قومی ترانہ پیش کرنے پر نہ صرف وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے پچیس ہزار روپے کیش انعام وصول کر چکی ہیں بلکہ اب موسیقی میں آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کی نمائندگی بھی کر رہی ہیں۔ انہیں پنجاب اسمبلی میں اقلیتوں کی نمائندہ سفیر کے طور پر نامزد اور مقرر کیا گیا ہے۔

کالج ہذا کے اعزازات

کالج ہٰذا کو محکمہ تعلیم کی طرف سے KPI کی بنیاد پر لاہور ڈویژن کا تیسرا بہترین کالج، کالج پرنسپل کو دوسری بہترین پرنسپل اور تین اساتذہ کو اپنے اپنے مضمون میں بہترین استاد قرار دیا گیا۔ یہ اعزاز ادارے کی ہمہ گیر انتظامی صلاحیتوں، اساتذہ کی تعلیمی قابلیت اور تدریسی استعداد کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ رواں سال کالج کے ۱۳۱ اساتذہ اور طالبات نے اپنے ریسرچ پیپر پبلش کروائے۔ ۵۵ طالبات نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی لیپ ٹاپ سکیم کے تحت لیپ ٹاپ حاصل کیے۔ ۲۰۲ طالبات نے وزیر اعلیٰ پنجاب کا ہونہار سکالرشپ حاصل کیا۔ کالج کی طرف سے درجنوں یتیم اور مستحق طالبات کو ہر سال فیس میں مالی امداد دی جاتی ہے۔ رواں سال ۱۰۰۱ طالبات کو ۲۸۲۶۸۰۱ روپے کی خطیر رقم فیس کی مد میں مالی امداد کے طور پر طالبات کو ادا کی گئی۔

انٹرمیڈیٹ اعزازات

انٹر میڈیٹ سیشن ۲۰۲۳-۲۵ کا مجموعی رزلٹ ۷۲.۲۸ رہا جبکہ کا بورڈ کا رزلٹ ۸۶.۶۰٪ تھا۔

پری میڈیکل (کالج کا رزلٹ)	87.25%	پری انجینئرنگ (کالج کا رزلٹ)	82.76%	آئی سی ایس فزکس (کالج کا رزلٹ)	82.50%

کالج ہذا کی طالبات کی یونیورسٹی میں حاصل کردہ پوزیشنز

عائشہ نور، بی ایس انگلش لٹریچر	اول پوزیشن، گولڈ میڈل
فائزہ جبار، بی ایس انگلش لٹریچر	دوم پوزیشن
فضہ غلام محمد، بی ایس انگلش لٹریچر	سوم پوزیشن
جویریہ محمد ستار، بی ایس انگلش لٹریچر	چہارم پوزیشن

مہوش اشفاق، بی ایس میتھ	سوم پوزیشن
لائبہ ابراہیم، بی کام	سوم پوزیشن
فضہ فرحان، بی ایس سوشل ورک	سوم پوزیشن

ہم نصابی اعزازت

کل پاکستان اردو مضمون نویسی مقابلہ، اقبال اکادمی پاکستان
فرح شہباز، اردو، چہارم پوزیشن

معرکہ حق اردو تقریری مقابلہ، لاہور بورڈ
ودیعہ رضوان، اردو، مہناز شہباز، اردو کوچار، چار ہزار کیش پرائز سے نوازا گیا

میوزک اعزازات



تقریب تقسیم انعامات لاہور بورڈ برائے اعلیٰ پوزیشن کے حامل طلباو طالبات
سلوی سہیل، بی ایس انگلش کو وائلن پر قومی ترانہ بجانے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ نے کیش پرائز سے نوازا۔
ماہ نور مقبول کو لوک کلام کی بہترین گائیکی پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ نے کیش پرائز سے نوازا۔
جشنِ آزادی نظریہ پاکستان ملی نغمہ
شہزادی کرن، پولیٹیکل سائنس، اول پوزیشن
فریحہ عارف، ایجوکیشن، حوصلہ افزائی
صوفیانہ کلام گائیکی مقابلہ، گورنمنٹ کالج برائے خواتین، واپڈا ٹاؤن
شہزادی کرن، پولیٹیکل سائنس، اول پوزیشن
جشنِ آزادی نظریہ پاکستان ملی نغمہ
شہزادی کرن، پولیٹیکل سائنس، اول پوزیشن
فریحہ عارف، ایجوکیشن، حوصلہ افزائی

سپورٹس اعزازت (طالبات)

سپورٹس	مقابلہ	لیول	اعزاز
والی بال	سیکنڈ HED/ADP والی بال ٹورنامنٹ	ڈویژن	سوم
	HED/ADP والی بال ٹورنامنٹ	ڈسٹرکٹ	سوم
		ڈویژن	دوم
		پنجاب	دوم
	آل پاکستان انٹر یونیورسٹی والی بال چمپئن شپ	آل پاکستان انٹر یونیورسٹی	دوم
	کھیلتا پنجاب والی بال ٹرائلز	کرم دیا، طالبہ سیلیکٹڈ	
	آل پاکستان انٹر بورڈ والی بال ٹورنامنٹ	آل پاکستان انٹر بورڈ	اول
کرکٹ	سیکنڈ ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اے ڈی پی کرکٹ ٹورنامنٹ	ڈویژن	سوم
	فورتھ ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کرکٹ ٹورنامنٹ	ڈسٹرکٹ	سوم
	فورتھ ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کرکٹ ٹورنامنٹ	ڈویژن	سوم
تائیکوانڈو	لاہور بورڈ انٹر کالجز ٹورنامنٹ	لاہور بورڈ	دوم، سوم
کراٹے	لاہور بورڈ انٹر کالجز ٹورنامنٹ	ڈویژن	سوم
	۱۳ویں پنجاب کراٹے اولمپکس	پنجاب	چاندی اور کانسی کے تمغے
	کھیلتا پنجاب کراٹے مقابلہ		اول
ہینڈ بال	۱۳ویں پنجاب ہینڈ بال اولمپکس	پنجاب	کانسی کا تمغہ
	چوتھا ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ہینڈ بال مقابلہ	ڈسٹرکٹ	اول
		ڈویژن	اول
		پنجاب	سوم
	لاہور بورڈ ہینڈ بال ٹورنامنٹ	لاہور بورڈ	سوم
	آل پاکستان انٹر بورڈ ہینڈ بال ٹورنامنٹ	آل پاکستان انٹر بورڈ	اول
تھرو بال	لاہور بورڈ تھرو بال ٹورنامنٹ	لاہور بورڈ	سوم
باسکٹ بال	ڈی پی آئی اوپن چمپئن شپ	ڈسٹرکٹ	دوم



پرنسپل صاحبہ کا پیغام



عزیز طالبات!

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔"

تعلیم بنی نوع انسان کو شعور بخشتی ہے اور اسے دینی و دنیاوی طور پر کامیاب زندگی گزارنے کا ہنر سکھاتی ہے۔ گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ، لاہور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی سیرت و کردار کی تعمیر کو بھی اپنا فرض اولین سمجھتا ہے۔

میں بڑے فخر سے اس ادارہ میں آنے والی تمام طالبات کو خوش آمدید کہتی ہوں جس نے محکمہ تعلیم کے متعین کردہ KPI میں لاہور ڈویژن کے ۱۱۰ کالجز میں تیسری پوزیشن حاصل کی اور مجھے بطور پرنسپل دوسری پوزیشن سے نوازا گیا۔ میں توقع رکھتی ہوں کہ آپ بھی اپنی تعلیم پر توجہ مرکوز رکھیں گی اور اپنے کالج کا نام مزید روشن کریں گی۔ اپنے مادر علمی کی املاک، عمارات اور ماحول کی حفاظت ایک فرض شناس شہری اور مہذب طالبہ کی طرح کریں گی اور فارغ التحصیل ہونے کے بعد اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرتی اور معاشی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گی تاکہ پاکستان اقوام عالم میں ایک مضبوط معیشت کے ساتھ ابھر سکے۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

پاکستان زندہ باد

پروفیسر ڈاکٹر فوزیہ ناز

BEST COLLEGE

Selected on the basis of KPI'S by
Punjab Higher Education Department





Prof. Dr. Fauzia Naz
Principal

Govt. Islamia Graduate College
for Women, Cooper Road, Lahore
Got 3rd Position in Higher
Education Department Out of
110 Colleges of Lahore Division

Highest number of students in Punjab Govt. College student received

- CM, Punjab laptop scholarship
- Honhaar scholarship
- Merit scholarships
- Best results in university and borad level
- Mora, peef, zakat scholarships
- Industry_ academia linkegs
- Qualified faculty







پرنسپل	پروفیسر ڈاکٹر فوزیہ ناز، پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی) پوسٹ ڈاکٹریٹ (انگلینڈ)
وائس پرنسپل	مسز سبین احتشام، ایسوسی ایٹ پروفیسر (ایم ایس انگریزی)
ڈین سٹوڈنٹس افیئرز انٹرمیڈیٹ	مسز نائلہ چغتائی، ایسوسی ایٹ پروفیسر (سیاسیات)
ڈین سٹوڈنٹس افیئرز بی ایس	ہما ممتاز، ایسوسی ایٹ پروفیسر (زوالوجی)
انٹرمیڈیٹ کنٹرولر امتحانات	شمسہ عنبر نادیہ، ایسوسی ایٹ پروفیسر (انگریزی)
انچارج کیو ای سی	پروفیسر ڈاکٹر حم بخاری، پی ایچ ڈی کیمسٹری
انچارج سیکنڈ شفٹ	غفرانہ رضوی، ایم ایس سی کیمسٹری
انچارج ٹائم ٹیبل	پرنسپل، وائس پرنسپل
انچارج سینئر گائیڈ	ڈاکٹر نگہت آرا، اسسٹنٹ پروفیسر علم التعلیم
انچارج سپورٹس	عالیہ طاہر، ایسوسی ایٹ پروفیسر جسمانی تعلیم
انچارج ٹرانسپورٹ	ثنا ادریس، لیکچرار جسمانی تعلیم
انچارج سکالرشپ زکوٰت، مالی امداد (اساتذہ کے بچوں، بہنوں اور یتیموں کے لئے) مورا اور میرٹ سکالرشپ PEEF سکالرشپ	ڈاکٹر سعدیہ جاوید، لیکچرار اسلامیات علینہ اسلام، اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی شاہ رخ برکی، لیکچرار سوشل ورک
انچارج پروکٹرز اور یونیفارم چیکنگ کمیٹی	صائمہ عنبرین، اسسٹنٹ پروفیسر سیاسیات
لائبریرین	حرا مقدس
ہوسٹل وارڈن	تسنیم انجم

داخلہ کمیٹی برائے انٹرمیڈیٹ

انچارج داخلہ: فرناز بانو (ایسوسی ایٹ پروفیسر انگریزی)

گروپ	انچارج ایڈمیشن	گروپ	انچارج ایڈمیشن
پری میڈیکل	ڈاکٹر کنول زاہرہ	آئی کام	زریں عرفان
پری انجینئرنگ	زہرا توفیق احد	آرٹس گروپ	حنا خالد
آئی سی ایس فزکس	ارم نسرین	تبدیلی مضمون کمیٹی	ڈاکٹر حم بخاری
جنرل سائنس گروپ	عنبر منیر		

ایڈمیشن کمیٹی برائے بورڈ داخلہ

انچارج انٹرمیڈیٹ داخلہ برائے بورڈ: مسز زاہدہ سیف

سالِ اول

نام	شعبہ	گروپ
زینب ظہیر	معاشیات	آرٹس
صبا یونس	شماریات	آئی کام
ماریہ اسلم	باٹنی	پری میڈیکل
نجم النساء	ریاضی	پری انجینئرنگ
فائزہ رشید	شماریات	جنرل سائنس
آسیہ شریف	ریاضی	آئی سی ایس فزکس

سالِ دوم

نام	شعبہ	گروپ
عافیہ یاسین	انگریزی	آرٹس
طابیہ فاطمہ	کامرس	آئی کام
عائشہ منیر	باٹنی	پری میڈیکل
منزہ حبیب	ریاضی	پری انجینئرنگ
میمونہ باری	شماریات	جنرل سائنس
ارم نسرین	فزکس	آئی سی ایس فزکس

تدریسی عملہ

۱-شعبہ ابلاغ

اسسٹنٹ پروفیسر:	ڈاکٹر شازیہ سعید (صدرِ شعبہ)	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)	قراۃ العین	ایم فل (سپیریر یونیورسٹی)

۲-شعبہ اردو

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	ناہید اختر (صدرِ شعبہ)	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	ڈاکٹر خشندہ بتول	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)
اسسٹنٹ پروفیسر:	ڈاکٹر شگفتہ پروین	پی ایچ ڈی (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	ڈاکٹر ناہید اسماعیل	پی ایچ ڈی (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
	فرخ رحمٰن	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	بشریٰ اسحاق	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	ڈاکٹر صائمہ یوسف	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)		
لیکچرار:	سدرہ محمود	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	حافظہ عائشہ صدیقی	ایم فل (لاہور گیریژن یونیورسٹی)
	صبا کرن نعیم	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	مہرین اقبال	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	یسرہ خانم	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	الفت برکت	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	ثمرین اختر	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)		

۳-شعبہ اسلامیات

پروفیسر:	حافظہ طاہرہ بلقیس (صدرِ شعبہ)	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		
ایسوسی ایٹ پروفیسر:	بشریٰ تسنیم	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		
اسسٹنٹ پروفیسر:	مدثر حامد	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	رابعہ عدنان	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
لیکچرار:	ہما مہناز	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	ام کلثوم	بی ایس (منہاج یونیورسٹی)
	وجیہہ سعید	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	فاکیہہ نعیم	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
	ڈاکٹر سعدیہ جاوید	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)	عمارہ حبیب	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	سعدیہ ابراہیم	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	بسمہ اشرف	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	عائشہ مقبول	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		

۴-شعبہ انگریزی

پروفیسر:	فاطمہ ناصر علوی (صدرِ شعبہ)	ایم فل (نیشنل کالج آف آرٹس)		
ایسوسی ایٹ پروفیسر:	مسز سبین احتشام	ایم فل (منہاج یونیورسٹی)	فرناز بانو	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	عابدہ خوشی	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	یاسمین اختر	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
اسسٹنٹ پروفیسر:	اسما حسن	ایم اے (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی)	شاہین کوثر	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	طاہرہ رحمٰن	ایم فل (بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی)	سمیرا کوثر	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	مریم سرفراز	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	عاصمہ منظور	ایم فل (یو ایم ٹی)
	قرۃ العین	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	عافیہ یاسین	ایم اے (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
	حوریہ فاطمہ	ایم اے (یونیورسٹی آف سرگودھا)	سدرہ شفیع	ایم فل (منہاج یونیورسٹی)
	صباء تبسم	ایم فل (یو ایم ٹی)	علینہ اسلام	ایم فل (یو ایم ٹی)
	حلیمہ اسلم	ایم اے (کنگز کالج، لندن)		

لیکچرار:	رافعہ شاہین	ایم ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	زنیرہ بخاری	ایم فل (فارمنین کرسچن کالج)
	صبا ادریس	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	مائدہ بتول	بی اے آنرز (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	ریحا سلیم	ایم ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	حفصہ ظفر	ایم اے (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
	عمارہ سرور	ایم اے (یونیورسٹی آف سرگودھا)	خدیجہ عامر	ایم فل (کنیئرڈ کالج)

۵-شعبہ باٹنی/مائیکروبائیولوجی

اسسٹنٹ پروفیسر:	ماریہ اسلم (صدرِ شعبہ)	ایم فل (زرعی یونیورسٹی فیصل آباد)	فائزہ آصف	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	عائشہ منیر	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)		
لیکچرار:	فرح ناز	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	رابعہ صابر	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	فاطمہ الزاہرہ	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)		

۶-شعبہ تاریخ

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	ڈاکٹر حمیرا مسعود (صدرِ شعبہ)	پی ایچ ڈی (فرانس)		
اسسٹنٹ پروفیسر:	رابعہ ناز	ایم فل (بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی)		
لیکچرار:	وجیہہ منیر	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	ریحانہ اشرف	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	ربیعہ فاطمہ	ایم اے (یونیورسٹی آف سرگودھا)		

۷-شعبہ جسمانی تعلیم

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	عالیہ طاہر (صدرِ شعبہ)	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	مصباح رشید	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
لیکچرار:	ثناء ادریس	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		

۸-شعبہ جغرافیہ

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	رضوانہ انجم (صدرِ شعبہ)	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		
لیکچرار:	ڈاکٹر حنا یعقوب	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)		

۹-شعبہ ریاضی

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	زاہدہ سیف (صدرِ شعبہ)	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	آسیہ شریف	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)
	عائشہ منیر	ایم فل (این سی بی اے)		
اسسٹنٹ پروفیسر:	نجم النساء	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	منزہ حبیب	ایم فل (رفاہ یونیورسٹی)
	ڈاکٹر رابعہ ستار	پی ایچ ڈی (یونیورسٹی آف لاہور)	سارہ منصور	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)
لیکچرار:	ندا حیدر	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)		

۱۰-شعبہ زوالوجی

پروفیسر:	ہما ممتاز (صدرِ شعبہ)	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)		
ایسوسی ایٹ پروفیسر:	رابعہ شیخ	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	رخشندہ آفریدی	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	سعدیہ نسیم	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	ڈاکٹر کنول زہرا	پی ایچ ڈی (یو وی اے ایس)

اسسٹنٹ پروفیسر:	سمیرا عجاز	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	مصباح احسان	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	ڈاکٹر بشریٰ کلیم	پی ایچ ڈی (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)		
لیکچرار:	ڈاکٹر ثناء صفدر	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)	نور ورک	ایم ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)

۱۱-شعبہ عربی

لیکچرار:	شبنم ناز	ایم۔فل (پنجاب یونیورسٹی)		

۱۲-شعبہ علم التعلیم

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	فوزیہ مہ جبین (صدرِ شعبہ)	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		
اسسٹنٹ پروفیسر:	ماریہ فیاض	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	فریحہ انجم	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
لیکچرار:	شازیہ ارشاد	ایم اے (یونیورسٹی آف ایجوکیشن)	صدف حمید	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	مقدس نذیر	ایم اے (یونیورسٹی آف ایجوکیشن)	ڈاکٹر نگہت آرا	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)
	نصرت انور	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	ماریہ رفیق	ایم فل (یونیورسٹی آف ایجوکیشن)

۱۳-شعبہ سوشل ورک

اسسٹنٹ پروفیسر:	ماجدہ یحییٰ (صدرِ شعبہ)	ایم فل (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی)	ہما اعجاز	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
	اقرا افضل	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	مریم ملک	ایم فل (یونیورسٹی آف سرگودھا)
لیکچرار:	شہنیلہ شوکت	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	شاہدہ زاہد	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)

۱۴-شعبہ سوشیالوجی

اسسٹنٹ پروفیسر:	تحسین فاطمہ	ایم فل (یونیورسٹی آف سرگودھا)		
لیکچرار:	شاہ رخ برکی	ایم اے (ابن خلدون یونیورسٹی، ترکی)		

۱۵-شعبہ سیاسیات

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	ناہید اختر (صدرِ شعبہ)	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	نائلہ چغتائی	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
اسسٹنٹ پروفیسر:	صائمہ عنبرین	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	سائرہ احسان	ایم اے (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
لیکچرار:	اقراء بشیر	بی ایس (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	عاکیفہ الرحمٰن	بی ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
	نور الوریٰ	بی ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)	کنول شوکت	ایم فل (کنیرڈ کالج، لاہور)
	ماہین عامر	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	مہوش صادق	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)

۱۶-شعبہ شماریات

اسسٹنٹ پروفیسر:	فائزہ عبدالرشید (صدرِ شعبہ)	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	میمونہ باری	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)
لیکچرار:	میمونہ محمود	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	ثمن فاطمہ	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	حنا خالد	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	ملیحہ احسان	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	صبا یونس	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	جوریہ فیاض	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	عظمیٰ	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)		

۱۷-شعبہ شہریت

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	فروا حسین	ایم ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)		

۱۸-شعبہ فائن آرٹس

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	خالدہ مقبول (صدرِ شعبہ)	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		

۱۹-شعبہ فارسی

لیکچرار:	خدیجہ صدیق	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	رمیسہ بتول	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)

۲۰-شعبہ فزکس

اسسٹنٹ پروفیسر:	ارم نسرین	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)		
لیکچرار:	انعم زہرا	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	آمنہ خان	بی ایس آنرز (بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی)
	حافظہ آمنہ صدیقی	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	حبیبہ	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)

۲۱-شعبہ فلاسفی

لیکچرار:	خدیجہ صدیق	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)		

۲۲-شعبہ کامرس

اسسٹنٹ پروفیسر:	انعم محمود (صدر شعبہ)	ایم فل (سپیریر یونیورسٹی)	زاہدہ پروین	ایم ایس (یو ای ٹی)
لیکچرار:	سائرہ انعم	ایم فل (سپیریر یونیورسٹی)	اریبہ اسلم	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	زریں عرفان	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	شادابہ	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	شمائلہ اکرم	بی بی اے آنرز (یونیورسٹی آف ایجوکیشن)		

۲۳-شعبہ کمپیوٹر سائنس

اسسٹنٹ پروفیسر:	نادیہ الیاس (صدرِ شعبہ)	ایم ایس (یو ای ٹی)	عابدہ ادریس	ایم فل (لاہور لیڈز یونیورسٹی)
	ثمرہ مختار	ایم فل (لاہور لیڈز یونیورسٹی)	عائشہ جلال	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
لیکچرار:	سحرش اشفاق	ایم فل (یو ای ٹی)	ماریہ رانا	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)
	ہما زاہد	ایم فل (یو ای ٹی)		

۲۴-شعبہ کیمیا

پروفیسر:	ڈاکٹر حم بخاری (صدرِ شعبہ)	پی ایچ ڈی (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)		
ایسوسی ایٹ پروفیسر:	ڈاکٹر سیدہ شہزادی بتول	پی ایچ ڈی (یو ای ٹی)		
اسسٹنٹ پروفیسر:	ڈاکٹر عفیفہ سعید	پی ایچ ڈی (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	ڈاکٹر مدیحہ بتول	پی ایچ ڈی (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
لیکچرار:	ثانیہ سیسل	ایم فل (فارمینن کرسچن کالج)	ڈاکٹر نیلم پری	پی ایچ ڈی (پنجاب یونیورسٹی)
	صبیحہ نوید	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	طیبہ سرور	ایم فل (گجرات یونیورسٹی)

۲۵-شعبہ لائبریری سائنس

سینئر لائبریرین:	راحیلہ یونس بٹ	ایم فل (منہاج یونیورسٹی)
لائبریرین:	حرا مقدس	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)
لیکچرار:	ملیحہ رفیق	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)

۲۶-شعبہ موسیقی

لیکچرار:	زارا صادق (صدرِ شعبہ)	بی ایس آنرز (این سی اے)

۲۷-شعبہ معاشیات

ایسوسی ایٹ پروفیسر:	عنبر منیر (صدرِ شعبہ)	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	فرزانہ ملک	ایم فل (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی)
اسسٹنٹ پروفیسر:	سمکی شہزادی	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	نادیہ اسد	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	جویریہ عدنان	ایم اے (پنجاب یونیورسٹی)	زینب ظہیر	ایم ایس (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)
لیکچرار:	زاہرہ توفیق احد	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)	فاطمہ نواز	بی ایس آنرز (فارمینن کرسچن کالج)
	انعم نذیر	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)		

۲۹-شعبہ مطالعہ پاکستان

لیکچرار:	نبیلہ فاطمہ	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)

۳۰-شعبہ نفسیات

اسسٹنٹ پروفیسر:	عاصمہ بتول (صدرِ شعبہ)	ایم فل (بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی)	عظمیٰ جبین	ایم ایس (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	فقیہہ انجم	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	فوزیہ یعقوب	ایم فل (رفاہ یونیورسٹی)
	رابعہ نعیم	ایم ایس سی (پنجاب یونیورسٹی)	مہ لقا ریاض	ایم ایس (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)
	صبا اسلم	ایم فل (پنجاب یونیورسٹی)		
لیکچرار:	انعم نعیم	ایم فل (گورنمنٹ کالج یونیورسٹی)	زینب	ایم فل (لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی)



کمرہ نمبر	عہدہ	نام	تعلیمی قابلیت
میل کلرک آفس	سپرانٹنڈنٹ	ناصر عثمانی	بی اے
سٹوڈنٹ ڈیلنگ آفس/ کمرہ نمبر ۴	اسسٹنٹ	عظمیٰ شہزادی	ایم اے انگریزی
		شازیہ شوکت	ایم اے اردو، پنجابی
	سینئر کلرک	محمد قاسم	بی اے
		جواد احمد	ایم اے
		ثاقب شعیب	ایف ایس سی
	جونئیر کلرک	سید جواد الحسن زیدی	ایم اے انگریزی
بائٹی لیب	لیب سپرانٹنڈنٹ	شگفتہ ارشاد	میٹرک
کیمسٹری لیب	لیپ سپروائزر	جمشید حمید	میٹرک
فزکس لیب	سینئر لیکچرر اسسٹنٹ	فرحان وقار	ایف اے
زوالوجی لیب	سینئر لیکچرر اسسٹنٹ	ناصر فضل	ایم بی اے
بی ایس کنٹرولر آفس	سینئر لیکچرر اسسٹنٹ (شعبہ امتحانات)	محمد عتیق	آئی کام
		رنگ الٰہی	ایف اے
حاضری روم سٹاف	سینئر لیکچرر اسسٹنٹ	نادیہ وسیم	بی اے
کمپیوٹر آفس	کالج کیئر ٹیکر	محمد عادل گل	میٹرک
	کمپیوٹر اسسٹنٹ	خدیجہ گل	ایم اے ایجوکیشن
		خدیجہ خالق	بی ایس کمپیوٹر سائنس
		ثمرہ شہزادی	آئی کام



لازمی مضامین

سالِ اول	انگریزی	اردو	اسلامیات/اخلاقیات	ترجمۃ القرآن/مذہبی تعلیم
سالِ دوم	انگریزی	اردو	مطالعہ پاکستان	ترجمۃ القرآن/مذہبی تعلیم

سائنس مضامین

گروپ	اختیاری مضامین برائے سائنس گروپ		
پری میڈیکل	فزکس	کیمسٹری	بیالوجی
پری انجینئرنگ	فزکس	کیمسٹری	ریاضی
آئی سی ایس فزکس	فزکس	کمپیوٹر سائنس	ریاضی

نوٹ: مندرجہ بالا سائنس گروپس کے لیے صرف وہ طالبات داخلہ فارم جمع کرواسکتی ہیں۔ جنہوں نے میٹرک کا امتحان سائنس گروپ کے ساتھ پاس کیا ہو۔

جنرل سائنس گروپ

گروپ کوڈ	مندرجہ ذیل اختیاری مضامین میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں		
G.Sc-1	ریاضی	شماریات	معاشیات
G.Sc-2	ریاضی	شماریات	کمپیوٹر سائنس
G.Sc-3	ریاضی	معاشیات	کمپیوٹر سائنس

آئی کام

	اختیاری مضامین			
سالِ اول	اکاؤنٹنگ	اکنامکس	کامرس	بزنس میتھ
سالِ دوم	اکاؤنٹنگ	کمرشل جغرافیہ	بینکنگ	بزنس سٹیٹ

اختیاری مضامین برائے آرٹس گروپ

طالبات کے لیے ضروری ہدایت:۔ طالبات کو چاہیے کہ وہ داخلے کے وقت پورے غور وخوض کے بعد مضامین اختیار کریں۔ داخلہ کے بعد میں مضامین تبدیل کرنے کی اجازت نہیں۔
انٹر میڈیٹ آرٹس گروپ کی طالبات کو تین اختیاری مضامین منتخب کرنے ہیں۔ ایک گروپ میں سے ایک مضمون کا انتخاب کریں۔

گروپ-1	گروپ-2	گروپ-3	گروپ-4
انگریزی ادب	شہریت (سوکس)	کمپیوٹر سائنس	میوزک
اردو ادب	معاشیات (اکنامکس)	نفسیات	ریاضی
اسلامیات اختیاری	شماریات	لائبریری سائنس	
تاریخ	علم التعلیم (ایجوکیشن)	جسمانی تعلیم	
ہوم اکنامکس	فلاسفی	فائن آرٹس	
فارسی ادب		جغرافیہ	

کالج میں داخلے کی شرائط

انٹرمیڈیٹ:

1-کالج میں داخلے کے لیے کالج کے مخصوص داخلہ فارم پر سائنس، آرٹس، جنرل سائنس، آئی۔سی۔ایس، آئی کام اور ہوم اکنامکس گروپ میں داخلہ کے لیے الگ الگ داخلہ فارم جمع کروانا ضروری ہے۔

2-کھیلوں کا خصوصی کوٹہ صرف ایف اے آرٹس کے لیے ہوگا داخلہ فارم کے ساتھ کھیلوں میں نمایاں کارکردگی کا متعلقہ بورڈ کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ لگانا ضروری ہے۔

3-معذوری کی بنیاد پر داخلہ فارم کے ساتھ ادارہ بحالی معذوراں فیروز پور روڈ لاہور یا سروسز ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ منسلک کرنا لازمی ہے۔

4-اقلیتی کوٹہ پر داخلہ کی خواہشمند طالبات اپنے متعلقہ مذہبی ادارے سے تصدیقی سرٹیفکیٹ اپنے داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

5-اُمیدوار میرٹ لسٹ میں نام آنے کی صورت میں اپنے متعلقہ گروپ کے کمرے میں متعلقہ ڈسک پر جا کر مندرجہ ذیل اصل اسناد و دستاویزات مع فوٹو کاپی لانے کی پابند ہے۔



(i) میٹرک کا رزلٹ کارڈ مع دو عدد فوٹو کاپیاں۔

(ii) دو عدد تصاویر 1.5x1.5 سفید بیک گراؤنڈ والی

(iii) کریکٹر سرٹیفکیٹ مع ایک عدد فوٹو کاپی

(iv) والد/سرپرست کے شناختی کارڈ کی ایک عدد فوٹو کاپی۔

(v) امیدوار کا ب فارم/شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔

(vi) لاہور ثانوی تعلیمی بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کی صورت میں اصل این او سی مع دو عدد فوٹو کاپیاں۔(داخلہ کے بعد دو ہفتوں تک جمع کروایا جا سکتا ہے)

6- داخلہ فارم میں کسی بھی قسم کی غلط معلومات کے اندراج سے داخلہ مسترد کر دیا جائے گا۔

7-پراسپکٹس مع داخلہ فارم، پراسپکٹس کے سرورق پر درج شدہ قیمت ادا کر کے ہی حاصل کریں۔

8-داخلہ لینے کی خواہشمند طالبات کے لیے ہیلتھ پر فارما پُر کرنا لازمی ہے۔

نوٹ: نہم جماعت کے رزلٹ کی بنیاد پر ایڈمیشن لینے والی طالبات کے لیے لازمی ہے کہ وہ میٹرک کا رزلٹ آنے کے بعد اپنے میٹرک رزلٹ کارڈ کی دو عدد فوٹو کاپیاں اپنی متعلقہ انچارجز کو جمع کروائیں بصورتِ دیگر کسی بھی قسم کے نتائج کی طالبہ خود ذمہ دار ہوگی۔اس ضمن میں بورڈ کی طرف سے بھاری جرمانہ اور داخلے کی منسوخی ہو سکتی ہے۔مذید برآں کلاس دہم کے رزلٹ میں ایک یا ایک سے زائد مضمون میں فیل ہونے کی صورت میں داخلہ کینسل کر دیا جائے گا۔

آن لائن داخلہ کا طریقہ کار

حکومت پنجاب محکمہ تعلیم ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے عوام الناس کی سہولت کے لیے سال اول Online داخلہ کے لیے ایک ویب سائٹ تیار کی ہے جس کا ایڈریس ocas.punjab.gov.pk ہے۔

۱-آپ اس ویب سائٹ کو کھول کر آن لائن کالج ایڈمیشن پنجاب کو کلک کریں۔

۲-آن لائن داخلہ فارم میں اپنی تمام معلومات فیڈ کر کے آن لائن ہی فارم Submit کر دیں۔

۳-جو طالبہ دیے گے شیڈول کے مطابق کلاسز میں حاضر نہیں ہو گی اس کی رجسٹریشن کینسل کر دی جائے گی۔

۴-آن لائن داخلہ کی درخواست دینے کے بعد مضامین کے انتخاب کے لئے طالبات کو کالج ہذا کا پراسپکٹس لینا لازمی ہے۔

کالج کارڈ

تمام طالبات کو داخلے کے وقت کالج کارڈ جاری کیے جاتے ہیں۔ کالج کارڈ گم ہونے کی صورت میں duplicate کارڈ فیس ادا کر کے بنوایا جا سکتا ہے۔ تمام طالبات کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ کالج میں ہمہ وقت کالج کارڈ پہن کر رکھیں تاکہ روزانہ چیکنگ کے دوران آپ کی شناخت کو یقینی بنایا جا سکے۔

کالج سپورٹس

طالبات کی ذہنی، جسمانی اور اخلاقی نشوونما کے لیے کالج میں کرکٹ، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، والی بال، نیٹ بال ٹینس اور ہینڈ بال جیسی کھیلوں کا باقاعدہ انعقاد کیا جاتا ہے۔ طالبات کے لیے ٹائم ٹیبل میں دیے گے پریڈ میں مختلف کھیلوں میں اپنی رجسٹریشن کرانا ضروری ہے۔

کالج ڈسپنسری

طالبات کی سہولت کے لیے کالج میں ڈسپنسری موجود ہے۔ ڈسپنسری میں ایک نرس موجود رہتی ہے۔ طالبات کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر ڈسپنسری سے رجوع کریں۔ تاکہ بروقت طبّی امداد فراہم کی جا سکے اور وقت پر آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ اس ضمن میں کالج کی طرف سے ہیلتھ پر فارمہ لازمی جمع کروائیں۔

کالج ٹرانسپورٹ

طالبات کے لیے ٹرانسپورٹ کی سہولت موجود ہے کالج بس نمبر ۱ کا روٹ کالج تا فیض پور اور برج اٹاری ہے بس نمبر ۲ کا روٹ شاد باغ اور شالامار چوک ہے۔ جس کے لیے طالبات کو کالج لائبریری سے ٹرانسپورٹ فیس جمع کروا کر ٹرانسپورٹ کارڈ حاصل کرنا ضروری ہے۔ ٹرانسپورٹ کارڈ حاصل کیے بغیر طالبات ٹرانسپورٹ کی سہولت حاصل نہیں کر سکتیں۔ کالج بس میں آمد اور روانگی کے وقت طالبات مقررہ وقت پر بس میں سوار ہونے کی خود ذمہ دار ہیں۔ جن طالبات کی حاضری آمد کے وقت رجسٹر پر درج نہ ہو گی وہ واپسی پر بس میں سوار ہونے کی مجاز نہیں۔

کالج یونیفارم

ریگولر پروگرام: طالبات ربن کالج بک شاپ سے خریدیں گی۔ نیز کالج کارڈ پہننا لازمی ہے۔

یونیفارم	سفید سوتی کپڑے کی قمیص شلوار
سالِ اول (دوپٹہ)	لان یا شیفون کا سفید دوپٹہ جس کے چاروں اطراف میں میرون ربن ڈیڑھ انچ (1.5 inch) کا ہو (پکیو کروانا منع ہے)
سالِ دوم (دوپٹہ)	لان یا شیفون کا سفید دوپٹہ جس کے چاروں اطراف میں گلابی ربن ڈیڑھ انچ (1.5 inch) کا ہو (پکیو کروانا منع ہے)
موسم سرما	کالی جرسی + سیاہ بند جوتے
جرابیں	سکن یا سیاہ یا سفید

کالج میگزین

کالج میں شائع ہونے والے میگزین میں اُردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں مواد شائع ہوتا ہے۔ جس میں کالج ہذا کی اساتذہ اور طالبات کی علمی اور ادبی تحریریں شائع کی جاتی ہیں۔ طالبات بھی مجلس ادارت میں شامل ہوتی ہیں۔

کالج لائبریری

ہر طالبہ اپنے نام پر تین کتابیں جاری کروا سکتی ہے۔ دس دن کے بعد کتاب اپنے پاس رکھنے پر جرمانہ کیا جاتا ہے۔ کتاب کو نقصان پہنچنے یا گم شدگی کی صورت میں طالبہ کو نئی کتاب مہیا کر ناپڑے گی۔ طالبات کے لائبریری ممبر شپ لینے کے لیے ایک عدد تصویر دینا ضروری ہے۔ موسم گرما کی تعطیلات کے پیش نظر طالبات کے لیے ضروری ہے کہ وہ پہلے سے جاری شدہ لائبریری کی کتابیں ۱۵ مئی تک واپس کریں۔

کالج امتحانات وبورڈ داخلہ قواعدوضوابط

۱- طالبات کے لیے ہر مضمون کا ماہانہ ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔ اساتذہ کرام طالبات کی ماہانہ حاضری کا ریکارڈ اور ماہانہ ٹیسٹ کے رزلٹ کا اندراج رزلٹ رجسٹر میں کرتے ہیں۔ والدین طالبات کی ماہانہ ٹیسٹوں میں حاضری کو یقینی بنائیں۔ طالبات کی حاضری اگر ۷۵ فیصد ہو گی مع ماہانہ ٹیسٹ اور داخلہ ٹیسٹ دیے ہوں گے تو وہ بورڈ داخلہ کے لیے اہل ہوں گی۔ بصورت دیگر ان کا داخلہ بورڈ کو نہیں بھیجا جائے گا۔ والدین طالبات کی تعلیمی بہتری کے لیے اساتذہ کرام کی طرف سے اطلاع پر رزلٹ میٹنگ میں ضرور تشریف لائیں۔

۲-م حکمہ تعلیم کی پالیسی کے مطابق اکتوبر ٹیسٹ، دسمبر/جنوری ٹیسٹ، اور مارچ/پری بورڈ ٹیسٹ دینا اور پاس کرنا لازمی ہے۔

۳- ماہانہ کلاس ٹیسٹ میں غیر حاضری پر مبلغ ۱۰۰/- روپے جرمانہ ہو گا اور بعد میں ٹیسٹ بھی لازمی دینا ہو گا۔ پری بورڈ ٹیسٹ میں غیر حاضر ہونے کی صورت میں فی پرچہ ۲۰۰/- روپے جرمانہ ہو گا۔ تمام طالبات کی حاضری سال اول و سال دوم ۲۵ اپریل تک ضروری ہے۔

۴-اگر کوئی طالبہ بیماری کی وجہ سے امتحان میں شامل ہونے سے قاصر ہو تو چھٹی کے آغاز (امتحان شروع ہونے سے پہلے) /دوران میں سرکاری کالج کا جاری کردہ میڈیکل سرٹیفکیٹ کالج ڈین آفس میں مس نائلہ چغتائی کو جمع کروائے۔

۵-سال اول اور سال دوم کی طالبات کا کالج کے امتحانات/ماہانہ ٹیسٹ میں غیر حاضری اور دیے گئے لیکچرز میں سے ۷۵ ٪ سے کم حاضری کی صورت میں بورڈ قواعد وضوابط کے مطابق بورڈ کو داخلہ نہیں بھیجا جائے گا۔ اور اس سلسلے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہو گا۔

۶-بورڈ داخلہ فارم دستخط کرتے وقت سالِ دوم کی طالبات کے پاس کالج فیس کی رسید، بورڈ داخلہ فیس کی رسید، والد کا شناختی کارڈ اور میٹرک/پارٹ ا کے رزلٹ کی تصدیق شدہ کاپی ہونا ضروری ہے۔

۷-ہر سال اکتوبر نومبر اور مارچ میں اساتذہ اور والدین کے مابین حاضری میٹنگز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جن میں والد/والدہ کی شرکت لازمی ہے۔

۸-۱۸سال سے زائد عمر کی طالبات اپنا ذاتی شناختی کارڈ کی کاپی بوقت ایڈمیشن جمع کروائیں۔

۹-سالِ اول اور دوم کی تمام طالبات کے لئے اپنی اساتذہ کی طرف سے بنائے گئے WhatsApp گروپس میں شمولیت لازمی ہے۔ سیل فون نمبر کی تبدیلی کی صورت میں ٹیچر کو اطلاع دے کر گروپ میں نمبر ضرور تبدیل کروائیں۔

اسناد وصول کرنے کے قواعد ضوابط

۱-اسناد کی وصولی کے لیے طالبات اپنا اصل رزلٹ کارڈ اور قومی شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ اور ان کی فوٹو کاپی آفس میں جمع کروا کر اپنی اسناد وصول کریں۔ انٹر میڈیٹ کی طالبات اپنی اسناد کلریکل آفس نمبر ۴ میں مسز عظمی شہزادی سے وصول کریں۔

۲-اسناد صرف متعلقہ طالبات کو دی جائیں گی۔ تاہم طالبات کے اتھارٹی لیٹر پر اُن کے حقیقی والد/والدہ کو اسناد دی جاسکتی ہیں۔

۳-طالبات کی اسناد کسی حقیقی والدین کے علاوہ کسی عزیز/رشتہ دار کو نہیں دی جائے گی۔

لائبریری سیکورٹی کی واپسی

لائبریری سیکورٹی وصول کرنے لیے دفتر سیکورٹی سے وصول کردہ فارم کے ساتھ اپنے شناختی کارڈ/والد کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور اصل کالج کارڈ اور لائبریری کارڈ لگانا ضروری ہے لائبریری اور ہاسٹل کی سیکورٹی کی رقم طالبہ کے کالج چھوڑنے کے بعد لائبریرین اور ہاسٹل وارڈن کی کلیرنس کے بعد ادا کی جاتی ہے۔ طالبات کالج چھوڑنے کے دو تعلیمی سیشن (۳۰ اپریل) تک اپنی سیکورٹی وصول کر سکتی ہیں۔ اس لیے طالبات بورڈ کے امتحان کے رزلٹ کے فوراً بعد لائبریری سیکورٹی واپس لینے کے لیے فارم کلریکل آفس سے حاصل کریں۔ اور متعلقہ دستاویزات منسلک کر کے لائبریرین اور فیس کلرک سے کلیرنس کروا کر واپس شعبہ فارسی میں مس خدیجہ صدیق کے پاس جمع کروائیں۔ سیکورٹی واپس لینے کے لیے ماہ دسمبر میں اپنے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی کے ہمراہ تشریف لائیں اور مس خدیجہ صدیق سے سیکورٹی وصول کریں۔

رخصت حاصل کرنے کے اصول

۱-طالبات رخصت حاصل کرنے کے لیے والدین یا سرپرست کی دستخط شدہ درخواست مع شناختی کارڈ کی کاپی پرنسپل صاحبہ کے نام اپنی استاد کو بھیجیں۔

۲-علالت کی صورت میں چار یوم سے زیادہ کی رخصت میڈیکل سرٹیفکیٹ کے ساتھ مل سکتی ہے۔

۳-ایک ماہ میں ۲یوم کی رخصت اپنی انگریزی کلاس کی ٹیچر سے منظور کروائیں اس سے زائد رخصت ڈین آفس سے منظور کروائیں۔

۴-اگر طالبہ بغیر درخواست کے ۸دن کالج سے غیر حاضر رہتی ہے تو اس کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا تاہم والدین کی درخواست کی صورت میں دوبارہ داخلہ دینے پر غور کیا جا سکتا ہے۔یہ سہولت تعلیمی سیشن میں صرف ایک مرتبہ مل سکے گی۔سال اول میں داخلہ لینے کے بعد جو طالبات کالج جوائن نہیں کریں گی اور سال دوم میں تعلیمی سیشن شروع ہونے کے بعد جو طالبات کالج جوائن نہیں کریں گی ان کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا اور کالج ان کے بورڈ داخلہ کا ذمہ دار نہ ہو گا

۵-اگر والدین بچی کا نام از خود کالج سے خارج کروانا چاہتے ہیں تو انھیں تحریری طور پر کالج کے دفتر کو مطلع کرنا ہو گا۔

وظائف

کالج میں(Merit, MORA & PEEF Scholarship)اور بیت المال وظائف دیئے جاتے ہیں۔

۱-مستحق اور ذہین طالبات کو کالج کے تعلیمی اخراجات کے لیے وظائف کی صورت میں امداد دی جاسکتی ہے۔مستحق طالبات ڈاکٹر سعدیہ جاوید،اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات سے رابطہ کریں۔

۲-Merit, MOORAوظائف کے لئے طالبات مس علینہ اسلام،شعبہ انگریزی سے رابطہ کریں۔

۳-PEEFسکالرشپ کے لئے مس شاہ رخ برکی لیکچرار سوشیالوجی سے رابطہ کریں۔

فیس معافی کا طریقہ کار

کالج ہذا میں مندرجہ ذیل نوعیت کی فیس معاف کی جاتی ہے۔فیس چالان حاصل کرنے سے قبل فیس معافی کی درخواست منظور کرانا ضروری ہے۔

۱-بز۸۵ یا اس سے زائد نمبر حاصل کرنے والی طالبات کو فیس میں خصوصی رعایت دی جائے گی۔

۲-کالج میں پڑھنے والی دو بہنوں میں سے ایک بہن پوری فیس ادا کرے گی دوسری کی صرف آدھی ٹیوشن فیس معاف ہو گی۔

۳-اساتذہ کے بچوں کی ٹیوشن فیس معاف کی جاتی ہے۔

۴-یتیم بچوں کی ٹیوشن فیس معاف کی جاتی ہے،جس کے لیے والد کاDeath Certificateساتھ لگانا ضروری ہے۔

۵-سیکنڈ شفٹ کی فیس کسی صورت معاف نہیں کی جاتی۔

جرمانے

۱-کالج سے ایک دن کی غیر حاضری کا(بغیر پیشگی درخواست کے)۵۰روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ہو گا۔

۲-رنگین لباس پہن کر آنے والی طالبات کو کالج گیٹ کے اندر داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔والدین کو بلوا کر طالبات کو گھر بھیج دیا جائے گا۔کالج امتحانات کے دوران بھی یونیفارم کی پابندی لازم ہے۔یونیفارم کے بغیر ۱۵۰روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

۳-کالج IDکارڈ،غلط رنگ کی جرابیں،لیٹ آنے پر ۲۰روپے جرمانہ ہو گا۔جوتے اور دوپٹہ غلط رنگ کا پہننے پر ۳۰روپے جرمانہ ہو گا۔

۴۔حکومت پنجاب محکمہ تعلیم کی پالیسی کے مطابق طالبات کو کالج میں کیمرے، ٹرانزسٹر، ٹیپ ریکارڈر یا موبائل فون لانے کی اجازت نہیں۔خلاف ورزی کی صورت میں یہ اشیاء ضبط کر لی جائیں گی اور والدین کی درخواست پر ۱۰۰۰ جرمانہ کی وصولی کے ساتھ والدین کو اگلے دن واپس کیا جائے گا۔

۵۔میک اپ استعمال کرنے اور لانے پر پابندی ہے نیز زیورات پہننے پر بھی پابندی ہے۔برآمد ہونے پر ۲۰۰ روپے سے لے کر ۱۰۰۰ روپے تک جرمانہ کیا جائیگا۔

۶۔پھول توڑنے اور کالج کے در و دیوار پر لکھنے پر جرمانہ ۲۰۰ روپے اور کالج پراپرٹی کو نقصان پہنچانے کی صورت میں طالبات کا سختی سے محاسبہ کیا جائے گا اور نقصان کے تخمینہ تک جرمانہ کیا جائے گا جس کمرہ جماعت اور بلاک کے در و دیوار پر لکھا ہو گا اس کمرہ جماعت اور بلاک میں پڑھنے والی طالبات سے جرمانہ وصول کر کے اس کو دوبارہ وائٹ واش کرایا جائے گا۔

۷۔طالبات کو کالج میں ذاتی پارٹیاں کرنے کی اجازت نہیں خلاف ورزی کرنے والی طالبات کو ۲۰۰/- روپے جرمانہ کیا جائے گا۔کالج کے احاطے میں وڈیوز یا ٹک ٹاک بنانے کی اجازت ہر گز نہیں ہے۔

نوٹ: ۱۔تمام جرمانے کالج کی جاری کردہ رسید پر حاصل کرنا ضروری ہیں۔

۲۔کوئی طالبہ دوسری طالبات بشمول پراکٹرز اور سینئر گرل گائیڈ کو جرمانہ یا کسی قسم کی چیز نہیں دے گی۔

۳۔کوئی طالبہ کسی کالج چوکیدار (مرد یا عورت) کو جرمانہ ادا نہیں کرے گی۔







کالج کے قواعدوضوابط

۱-طالبات کو چاہیے کہ کالج کے نوٹس بورڈ باقاعدگی سے دیکھیں۔

۲-کسی بھی طالبہ کو از خود نوٹس بورڈ پر کسی بھی قسم کا نوٹس لگانے کی اجازت نہیں۔

۳-طالبات کے لیے کالج وقت پر آنا اور کلاسز میں حاضر ہونا لازمی ہے کسی بھی صورت میں طالبات کو کلاس چھوڑنے کی اجازت نہیں۔

۴-طالبات کالج اوقات کے دوران چھٹی سے پہلے کالج سے باہر نہیں جاسکتیں تاہم کسی ایمرجنسی کی صورت میں صرف والدین/سرپرست مع اصل شناختی کارڈ پرنسپل صاحبہ کی اجازت لے کر جاسکتی ہیں لیکن اگر کوئی طالبہ کالج گیٹ کھلنے کے بعد گیٹ سے باہر چلی جاتی ہے اور والدین باہر موجود نہیں تو کالج انتظامیہ اس کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔کالج بند ہونے کے بعد آدھا گھنٹہ تک لازماً تمام طالبات اپنے گھروں کو چلی جائیں آدھے گھنٹے کے بعد تک رہنے والی طالبات کا کالج ذمہ دار نہیں ہے کالج گیٹ کھلنے کے بعد اگر کوئی طالبہ ایک دفعہ باہر چلی جاتی ہے تو اسے دوبارہ کالج میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔(کالج گیٹ کھلنے کے بعد کالج انتظامیہ کالج کے باہر کسی بھی حادثے کی ذمے دار نہیں ہے)

۵-والدین/سرپرست حضرات وقتاً فوقتاً اساتذہ کرام کے بلانے پر متعلقہ اساتذہ سے ملاقات کریں تاکہ طالبات کی تعلیم وتربیت موثر طور پر کی جاسکے۔

۶-طالبات کالج اوقات کی پابندی کریں کالج گیٹ کلاسز شروع ہونے کے ساتھ ہی بند کر دیا جائے گا۔بروقت کالج پہنچانے کی ذمہ داری والدین پر ہوگی۔

۷-والدین کو خصوصی ہدایت کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم پر صرف وہ موبائل نمبر درج کریں جو کہ وٹس ایپ (whatsapp) پر موجود ہو۔اس بنا پر والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ طالبات کو وٹس ایپ نمبر مہیا کریں اور وہ خود بھی اس کو باقاعدگی کے ساتھ چیک کریں۔ہر استاد اپنے مضمون کا ایک وٹس ایپ گروپ بناتا ہے جس پر استاد اور طالبات کا رابطہ رہتا ہے۔

۸-کالج سے باہر اساتذہ کی زیر نگرانی کسی بھی سرگرمی میں شمولیت کے لیے طالبات کے پاس والدین کا اجازت نامہ ہونا ضروری ہے۔

۹-کالج انتظامیہ کو مکمل اختیار ہے کہ وہ طالبات کو بدنظمی کا مظاہرہ کرنے،اساتذہ سے گستاخی کی مرتکب ہونے یا کالج کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ کرے یا سزا دے۔انتہائی صورت انتظامیہ میں طالبہ کو کالج سے نکالنے کی مجاز ہے۔

۱۰-طالبات کو ہرگز اجازت نہیں کہ وہ پڑھائی کے اوقات کے دوران اپنے ہمراہ کسی کو لائیں۔

۱۱-کوئی طالبہ،پراکٹر یا سنیئر گرل گائیڈ،مالی امداد کی شکل میں دیگر طالبات سے کسی بھی قسم کی رقم وصول نہیں کرسکتی۔

۱۲-کسی بھی قسم کی غیر اخلاقی اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے (خصوصاً نشہ آور اشیا کے استعمال اور فراہمی) کی صورت میں کالج انتظامیہ طالبہ کو جرمانہ یا کالج سے نکالنے کی مجاز ہوگی۔

۱۳-طالبات اپنی کتابوں،بیگ اور دیگر اشیاء کی خود حفاظت کریں۔گم شدگی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

ڈینگی SOP's:۔

ڈینگی کی روک تھام کے لئے کھڑا پانی دیکھیں تو کالج انتظامیہ کو اطلاع کریں۔پانی ضائع نہ کریں۔نلکے اور کولر بلاوجہ کھلا رکھنا سختی سے منع ہے۔

ڈسپلن کمیٹی/کالج کونسل کے فرائض

۱-سنیئر اساتذہ پر مبنی ڈسپلن کمیٹی/کالج کونسل پرامن تعلیمی فضا اور نظم وضبط برقرار رکھنے میں پرنسپل صاحبہ کی مددگار ہوگی۔

۲-کمیٹی اس بات کا بھی خیال رکھے گی کہ طالبات پراسپیکٹس میں درج تمام اصول وضوابط کی پابندی کریں۔

۳-کالج کے نظم ونسق،ہاسٹل،کینٹین،لائبریری اور ڈسپنسری سے متعلقہ تمام مسائل ڈسپلن کمیٹی/کالج کونسل کے سامنے پیش ہوں گے اور کونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۴-امتحانات میں کسی قسم کی بدعنوانی کی مرتکب طالبات کا کیس ڈسپلن کمیٹی کے سامنے پیش ہوگا اور اس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

پراکٹرزاورسینئرگائیڈزکے فرائض

کالج کا نظم وضبط برقرار رکھنے کے لیے کالج میں سٹوڈنٹس کونسل، پراکٹر اور سینئر گائیڈز انچارج اساتذہ کے ساتھ مندرجہ ذیل امور میں معاونت کرتی ہیں۔

۱-یونیفارم اور بیجز کی چیکنگ ۲-طالبات کی کلاسز میں ۱۰۰٪ حاضری یقینی بنانا

۳-غیر ضروری گروپ بندی سے اجتناب ۴-کالج میں پرامن فضا کی برقراری

کالج مجالس

کالج میں مندرجہ ذیل مجالس اساتذہ کی ذاتی دلچسپی اور کاوشوں سے سارا سال فعال رہتی ہیں۔طالبات کا ذوق وشوق اور تعاون ہی ان مجالس کے قیام کی غرض وغایت ہے۔اس وقت مندرجہ ذیل مجالس قابل اساتذہ کی زیر نگرانی کام کر رہی ہیں طالبات ان مجالس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنی صحت مند متوازن شخصیت کو پروان چڑھائیں۔

سائنس سوسائٹی	محفلِ میلاد، مقابلہ قرات ونعت، سیرت کانفرس	فائن آرٹس سوسائٹی
ہیلتھ کیئر سوسائٹی	باغبانی سوسائٹی	کریکٹر بلڈنگ سوسائٹی
سٹوڈنٹس کونسلنگ سینٹر	اینٹی ڈرگ سوسائٹی	بزم ادب (اردو، انگریزی، تاریخ، فارسی)
کیریئر کونسلنگ سینٹر	سینئر گائیڈ سوسائٹی	۱) شعر وسخن صوفی رُت
میوزک سوسائٹی	ہلال احمر سوسائٹی	۲) بزم اقبال
سپورٹس سوسائٹی	ڈینگی کنٹرول سوسائٹی	۳) کالج ڈرامیٹک سوسائٹی



ایف۔اے، ایف۔ایس۔سی، جنرل سائنس، آئی۔سی۔ایس، آئی کام

ٹرانسپورٹ کارڈ فیس تعلیمی سال (۱۰ماہ) کے حساب سے جمع کروانا ہوگا۔کالج ہذا میں فیس جمع کروانے کے لیے بینک آف پنجاب کی برانچ کی سہولت موجود ہے۔ایک تعلیمی گروپ کی فیس دوسرے تعلیمی گروپ میں بورڈ رجسٹریشن ہونے کے بعد قطعاً منتقل نہیں ہو گی۔

سالانہ فیس/فنڈز

نمبر شمار	فنڈ	رقم
۱	فیس داخلہ آرٹس	۸۰روپے
۲	فیس داخلہ سائنس	۶۵روپے برائے سال دوم
۳	ٹیوشن فیس آرٹس	۶۰۰روپے
۴	ٹیوشن فیس سائنس	۶۰۰روپے
۵	جنرل فنڈ	۵۰روپے
۶	میڈیکل فنڈ	۵۰روپے
۷	کالج کارڈ	۵۰روپے
۸	لائبریری سیکورٹی فنڈ	۵۰۰روپے (قابل واپسی)
۹	میگزین فنڈ	۱۲۰روپے
۱۰	بس فنڈ	۱۵۰(Maintenance)روپے (تمام طالبات کیلئے لازمی)
۱۱	امتحانات فنڈ	۱۸۰روپے
۱۲	ہلال احمر فنڈ	۶۰روپے
۱۳	میوزک فنڈ	۶۰روپے
۱۴	ٹرانسپورٹ کارڈ فنڈ	(ٹرانسپورٹ کی سہولت حاصل کرنے کی صورت میں)

نمبر شمار	فنڈ	رقم
۱۵	برقعہ فنڈ	۱۰۰روپے
۱۶	سپورٹس فنڈ	۱۸۰روپے
۱۷	سٹوڈنٹس ویلفیئر فنڈ	۵۰روپے
۱۸	جغرافیہ فنڈ	۶۰روپے
۱۹	نفسیات فنڈ	۶۰روپے
۲۰	فزیکل ایجوکیشن فنڈ	۶۰روپے
۲۱	شماریات فنڈ	۶۰روپے
۲۲	کیمسٹری فنڈ	۶۰روپے
۲۳	فائن آرٹس فنڈ	۶۰روپے
۲۴	بیالوجی فنڈ	۶۰روپے
۲۵	فزکس فنڈ	۶۰روپے
۲۶	کمپیوٹر فنڈ	۳۰۰روپے
۲۷	رجسٹریشن فیس	بمطابق بورڈ

نوٹ: 1. کالج کو ادا کی گئی فیس واپس نہیں ہو گی۔

2. سیلف سپورٹ میں داخلے کے لیے ۳۶۰۰روپے سالانہ (مندرجہ بالا تمام فنڈز دینا بھی ضروری ہیں فیس میں کوئی رعایت نہیں ہے)

بس روٹ نمبر۱: کالج تا برج اٹاری (ٹھیکری والا) **بس روٹ نمبر۲:** کالج تا کوٹ عبدالمالک

نوٹ: ☆بس کارڈ گم ہونے کی صورت میں ۲۰۰/-روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

☆دوران سفر غیر اخلاقی رویہ کی مرتکب طالبات کا بس کارڈ کینسل کر دیا جائے گا نیز بس فیس نا قابلِ واپسی ہو گی۔

☆ کالج واجبات بروقت ادا نہ کرنے کی صورت میں کالج داخلہ کینسل ہو جائے گا۔

☆کالج کارڈ پہننا لازمی ہے۔کالج کارڈ گم ہونے کی صورت میں فیس کی ادائیگی کے بعد ملے گا۔

☆بس چارجز کے لیے کالج میں داخلہ ہونے کے بعد سید جواد الحسن (جونیئر کلرک) سے رابطہ کریں۔



انچارج سیلف سپورٹ غفرانہ عابد

ھدایات برائے داخلہ برائے سیلف سپورٹ

۱- کالج کو ادا کی گئی فیس کسی صورت واپس/Refund نہیں ہو گی۔

۲- سیلف سپورٹ طالبات کو فیس کی مد میں کوئی مدد یا رعایت نہیں دی جائے گی۔

۳- سیلف سپورٹ طالبات کو کالج بس کی سہولت میسر نہیں ہے۔

۴- سیلف سپورٹ اور ریگولر کالج کے اوقاتِ کار ایک ہی ہیں۔

یونیفارم	سفید سوتی کپڑے کی قمیص شلوار
سالِ اول (دوپٹہ)	لان یا شیفون کا سفید دوپٹہ جس کے چاروں اطراف میں جامنی ربن ڈیڑھ انچ (۱٫۵inch) کا ہو (پیکو کروانا منع ہے)
سالِ دوم (دوپٹہ)	لان یا شیفون کا سفید دوپٹہ جس کے چاروں اطراف میں فیروزی ربن ڈیڑھ انچ (۱٫۵inch)) ، دوپٹے پر ہر طرح کی پیکو کروانا منع ہے۔
موسم سرما	کالی جرسی + سیاہ بند جوتے
جرابیں	سکن یا سیاہ یا سفید







لازمی مضامین

سالِ اول	انگریزی	اردو	اسلامیات/اخلاقیات	ترجمۃ القرآن/مذہبی تعلیم
سالِ دوم	انگریزی	اردو	مطالعہ پاکستان	ترجمۃ القرآن/مذہبی تعلیم

سائنس مضامین

گروپ	اختیاری مضامین برائے سائنس گروپ		
پری میڈیکل	فزکس	کیمسٹری	بیالوجی
پری انجینئرنگ	فزکس	کیمسٹری	ریاضی
آئی سی ایس فزکس	فزکس	کمپیوٹر سائنس	ریاضی

آئی کام

	اختیاری مضامین			
سالِ اول	اکاؤنٹنگ	اکنامکس	کامرس	بزنس میتھ
سالِ دوم	اکاؤنٹنگ	کمرشل جغرافیہ	بینکنگ	بزنس سٹیٹ

















پراسپیکٹس

2026-2027











قیمت
400/-
روپے

گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین کوپر روڈ لاہور

